سوال

(16) سونے اور چاندی کے موزے پر مسح کرنے کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سونے اور چاندی کے موزوں پر مسح کرنے کا کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مرد ہو یا عورت دونوں کےلیے سونا یا چاندی یا سونے اور چاندی سے منڈھے ہوئے موزوں پر مسح کرنا جائز نہیں۔ البتہ ٹوٹے ہوئے برتن کو مرمت کرنے کےلیے تھوڑی سی چاندی استعمال کی جاسکتی ہے اور عورتوں کےلیے بھی سونا اور چاندی اتنا ہی پہننا جائز ہے جس سے عرف عام میں عورتیں اپنے خاوندوں کےلیے زیب وزینت کیا کرتی ہیں اور اس سے زیادہ کی ضرورت نہیں۔ کیونکہ اس مسئلہ میں شریعت کی اصل ممانعت ہے اور عورتوں کےلیے بقدر ضرورت ہی رخصت ہے لہٰذا اس سے زیادہ پہننے اور اس پر مسح کرنے کا حکم ممنوع ہے۔ (سماحۃ الشیخ محمد بن ابراہیم آل شیخ رحمۃ اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کےلیے صرف

صفحہ نمبر 66

محدث فتویٰ